درسِ رمضان المبارک:05

مرتبین

مولانا عادل عثمان، مولانا ذیشان اختر

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ پنجم مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا عادل عثمان، مولانا ذیشان اختر

صفحات : 16

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا عادل عثمان، مولانا ذیشان اختر

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ پنجم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللّٰہ

نکاح پاک دامنی کے لیے کرو۔

حق مہر کے ذریعے حلال تعلق (نکاح) تلاش کرو۔ (پارہ نمبر5، سورہ نساء:24)

نکاح کو آسان بناؤ۔

اپنی طاقت کے مطابق خواتین سے نکاح کرو۔

نفسانی خواہشات پر قابو رکھتے ہوئے صبر کرو۔ (پارہ نمبر5، سورہ نساء:25)

ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ۔ (پارہ نمبر5، سورہ نساء:29)

کبیرہ گناہوں سے بچو اور نیکی پر مستقیم رہو کہ یہ پچھلے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔ (پارہ نمبر5، سورہ نساء:31)

ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔

اللہ تعالی سے اس کا فضل مانگو۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:32)

اللہ تعالی کو گواہ بناتے ہوئے شریعت کے مطابق مال وراثت تقسیم کرو۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:33)

عورتیں شوہروں کی اطاعت کریں، کہ اللہ نے انہیں حاکم بنایا ہے۔

عورتیں نافرمانی کریں تو ان کے بستر الگ کردو۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:34)

میاں بیوی کا اتفاق نہ ہو تو دونوں گھروں سے بڑوں کو بلا کر سمجھاؤ۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:35)

ماں باپ، یتیموں، مساکین، مسافروں اور ہمسایوں سے اچھا سلوک کرو۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:36)

بخل سے بچو اور اللہ تعالی کی دی ہوئی نعمتوں کا احسن انداز میں چرچا کرو۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:37)

جو بھی راہ خدا میں خرچ کرو، اس کے لیے ایمان اصل جڑ ہے۔

(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:38)

نشے کی حالت میں نماز کے قریب نہ آؤ۔

پانی کے استعمال پر قدرت نہ ملے تو تیمم کرلو۔

(پارہ نمبر5، سورہ نساء:43)

ایمان کی سلامتی کے لیے گمراہ لوگوں کے میل جول سے اجتناب رکھو۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:44)

اللہ تعالی کو حقیقی دوست اور مددگار بناؤ۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:45)

اے لوگو! قرآن کریم پر ایمان لاؤ.(پارہ نمبر5، سورہ نساء:47)

عقیدہ توحید کو تمام عقائد و عبادات کا اصل جانو۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:48)

اللہ تعالی کے غضب سے بچو۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:52)

پختہ ایمان اور اچھے اعمال کے ذریعے اللہ تعالی کی دائمی نعمت(جنت)کے مستحق بنو۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:57)

اللہ تعالی کے فرمان کے امین، دیانت دار اور معاملات میں انصاف کرنے والا بنو۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:58)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ □ۚ-فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ

الْیَوْمِ الْاٰخِرِؕ-ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِیْلًا۠

اے ایمان والو! اللہ و رسول اور اہل حکومت کی اطاعت کرو۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:59)

اللہ تعالی کی رضا میں راضی رہنے کی کوشش کرو۔

شیطان کی چاہتوں سے دور رہو۔(سورۃ النساء:60)

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاجت پیش کرنے کے لئے اُس کے مقبولوں کو وسیلہ بنانا کامیابی کا ذریعہ سمجھو۔

گناہ ہو جائے تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بارگاہ میں شفاعت کی عرض کرو۔ (سورۃ النساء:65)

خدمت دین کے لیے ہر ممکن تیاری رکھو۔(71)

جہاد پر توکل علی اللہ کے ساتھ ثابت قدم رہو۔(75)

موت کا فیصلہ اٹل جانتے ہوئے اسے ہر لمحہ یاد رکھو۔(78)

برائیوں کو اپنے اعمال کی شامت سمجھو۔(79)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کو اللہ کی رضا سمجھو۔(80)

ایمان کی مضبوطی کے لئے قرآن کریم میں غور و فکر کرو۔(82)

کوئی پریشانی کا معاملہ آجائے تو اس کا شور نہ مچاؤ۔(83)

جہاد کو بوجھ نہ سمجھو۔(84)

نیک کاموں میں سفارش کرو۔(85)

برے کام میں سفارش نہ کرو۔(86)

اچھے کاموں میں تعاون کرو، برے کاموں میں نہیں(86)

سلام کا جواب برابر الفاظ یا زیادہ بہتر الفاظ سے دو۔

منافقوں اور بد مذہبوں کو دوست نہ بناؤ۔

دینی معاملات میں بد مذہبوں سے مدد نہ لو۔

(پارہ نمبر5، سورہ نساء:88،89)

ذمیوں کے حقوق کا خیال رکھو۔

فتح کی صورت میں اللہ تعالی کی نصرت کو یاد رکھو۔

مخالف جب راہ راست پر آنا چاہے تو رکاوٹ نہ بنو۔

(پارہ نمبر5، سورہ نساء:90)

غدار کو کسی بھی صورت معافی نہ دو۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:91)

قتل کو گناہ کبیر جانتے ہوئے، باز رہو۔

قتل خطا کی صورت میں شریعت کے مطابق دیت ادا کرو

جان بوجھ کر قتل کر کے جہنم ٹھکانہ نہ بناؤ۔(پارہ نمبر5،سورہ نساء:93)

بلا تصدیق کسی کو کافر نہ کرو۔(پارہ نمبر5، سورہ نساء:94)

جہاد و انفاق فی سبیل اللہ کے ذریعے اللہ تعالی کے ہاں مزید درجے، بخشش اور رحمت پاؤ۔

سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر صحابی کو جنتی سمجھو۔(پارہ نمبر5،سورہ نساء:95،96)

نیک اعمال میں ارادہ رضائے الہی کا رکھو۔ (پارہ نمبر5،سورہ نساء:100)

شرعی سفر میں نماز قصر ادا کرو۔(پارہ نمبر5،سورہ نساء:101)

نماز کو اس کے مقررہ وقت میں ادا کرو۔(پارہ نمبر5،سورہ نساء:103)

دین کے راہ میں آئی ہوئی تکالیف پر عند اللہ ثواب کا ارادہ رکھو۔ (پارہ نمبر5،سورہ نساء:104)

معاملات میں فیصلے قرآن کریم سے لو۔

اللہ تعالی کو غَفُورٌ رَّحِیمٌ جانتے ہوئے، استغفار کرو۔

(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:105،106)

جھوٹی وکالت کرنے سے باز رہو۔(پارہ نمبر 5، سورہ نساء:107)

مشورہ نیک اور صالح عقلمند لوگوں سے لو۔

(پارہ 5 سورہ نساء آیت 114)

حق راستے پر رہو اور مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 115)

شرک نہ کرو۔کہ اللہ اسے معاف نہیں کرتا۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 116)

اللہ کی طرف رجوع رکھو۔احکامات الہیہ کی پیروی کرو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 119)

شیطان کے بہکاوے میں نہ آؤ، اللہ کی حد کراس نہ کرو۔شیطان کو دوست نہ بناؤ۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 119)

جھوٹی آرزؤں میں نہ پڑو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت-120)

یہود کی طرح خیالوں میں نہ رہو۔اللہ کے کہے پر یقین رکھو

(پارہ 5 سورہ نساء آیت 123))

یتیم لڑکیوں کا حق نہ روکو، انکے نکاح کرو، یتیموں کے حق میں انصاف کرو۔(پارہ5 سورہ نساء آیت127)

زوجین کو چاہئے کہ جدا ہونے کے بجائے ایک دوسرے کے حقوق میں کمی بیشی کر کے صلح کرلیں۔(پارہ5 سورہ نساء آیت128)

ازواج میں برابری کرو، نیکی اور پرہیز گاری کرو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت129)

اے ایمان والو انصاف پر خوب قائم ہو جاؤ اللہ کے لیے گواہی دیتے چاہے اس میں تمہارا اپنا نقصان ہو یا ماں باپ کا یا رشتہ داروں کا جس پر گواہی دو وہ غنی ہو یا فقیر ہو بہر حال اللہ کو اس کا سب سے زیادہ اختیار ہے تو خواہش کے پیچھے نہ جاؤ کہ حق سے الگ پڑو اور اگر تم ہیر پھیر کرو یا منہ پھیرو تو اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

(پارہ5 سورہ نساء آیت135)

اے ایمان والو ایمان رکھو اللہ اور اللہ کے رسول پر اور اس کتاب پر جو اپنے ان رسول پر اتاری اور اس کتاب پر جو پہلے اتاری اور جو نہ مانے اللہ اور

اس کے فرشتوں اور کتابوں اور رسولوں اور قیامت کو تو وہ ضرور دور کی گمراہی میں پڑا۔

اپنے مسلمان بھائی سے دوستی رکھو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 139)

کافروں کو دوست نہ بناؤ۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 139)

جہاں قرآن اور مقدسات کا مذاق بنایا جاتا ہو۔ایسے لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 140)

نماز مستعدی اور خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 142)

دین پر استحکام پکڑو۔تذبذب میں نہ رہو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 143)

اے ایمان والو کافروں کو دوست نہ بناؤ مسلمانوں کے سوا کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کے لئے صریح حجت کرلو۔(پارہ 5 سورہ نساء آیت 144)

توبہ سے اپنے آپ کو سنوارو۔

اللہ کی رسی مضبوطی سے تھامو۔

دین خالص اللہ کے لئے اختیار کرو

(پارہ 5 سورہ نساء آیت 146)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زمین پر گھومنے والے فرشتے

اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیْ السَّلَامَ

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم ": زمین پر کچھ فرشتے گھومتے پھرتے ہیں جو میری اُمّت کا سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔

"(الاحسان بترتیب ابن حبان، 134/2، حدیث:910)

آگ کی چادر

إِنَّ الشَّمْلَةَ لَتَلْتَهِبُ عَلَيْهِ نَارًا أَخَذَهَا مِنَ الْغَنَائِمِ يَوْمَ خَيْبَرَ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ، قَالَ: فَفَزِعَ النَّاسُ، فَجَاءَ

رَجُلٌ بِشِرَاكٍ أَوْ شِرَاكَيْنِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَصَبْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شِرَاكٌ مِنْ نَارٍ أَوْ شِرَاكَانِ مِنْ نَارٍ

(مسلم، ص69، حدیث: 310 ملتقطاً)

فرمانِ مصطفے صلی اللہ علیہ والہ وسلم: (غزوۂ خیبر کی غنیمت میں سے) ایک چادر جو غلام نے بطور خیانت دبالی تھی وہ (مرنے کے بعد) اس پر آگ بن کر شُعلَہ زن ہے۔ یہ سُن کر ایک شخص کھڑا ہو کر گیا اور ایک تَسمہ لے آیا جسے اس نے مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے لے لیا تھا (اس کو دیکھ کر) نبی پاک صَلَّی اللّٰہ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: یہ آگ کا تسمہ ہے۔

نمازِ فجر و عشا کی جماعت کا ثواب

مَنْ صَلَّى الْعِشَاءَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا قَامَ نِصْفَ اللَّيْلِ، وَمَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا صَلَّى اللَّيْلَ كُلَّهُ

(مسلم، ص 258، حدیث: 1491)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم: جس نے عشا کی نماز جماعت سے پڑھی اس نے آدھی رات قیام کیا
اور جو فجر جماعت سے پڑھے گویا اس نے پوری رات قیام کیا۔ (یعنی ساری رات عبادت کی)

شرح حدیث: اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: (1) ایک یہ کہ عشا کی باجماعت نماز کا ثواب آدھی رات کی عبادت کے برابر ہے اور فجر کی باجماعت نماز کا ثواب باقی آدھی رات

کی عبادت کے برابر، تو جو یہ دونوں نمازیں جماعت سے پڑھ لے اسے ساری رات عبادت کا ثواب۔ (2) عشا کی جماعت کا ثواب آدھی رات کے برابر ہے اور فجر کی جماعت کا ثواب ساری رات عبادت کے برابر، کیونکہ یہ (یعنی فجر کی) جماعت عشا کی جماعت سے زیادہ بھاری (یعنی نفس پر بوجھ) ہے۔ پہلے معنیٰ زیادہ قوی (یعنی زیادہ مضبوط) ہیں۔ جماعت سے مراد تکبیرِ اولیٰ پانا ہے جیسا کہ بعض عُلَما نے فرمایا۔ (مراٰۃ المناجیح، 396/1)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | روزگار بھی پائیں

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ
9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: 500 روپے | ہندوستان: 300 روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس اپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس

استاذ التحقیق والتصنیف علامہ راشد علی مدنی
ڈائریکٹر: ہادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ہادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب و طُرق پر مشتمل پہلی جامع و ضخیم تصنیف (متن حدیث و سیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمدللہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد للہ علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم
- رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

تربیت و تفہیم کے 212 نبوی اسالیب

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے

ہادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل | +92312-6392663 | بکنگ کے لیے کتاب لکھ کر واٹس اپ کیجیے